مسلکہ 11۔

مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں افراد کے قیام کے قوائد وضوابط۔

§ 1۔

1۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں رکھے جانے والے شخص کو فورطور پر مندرجہ ذیل کے بارے میں مطلع کیا جاتا ہے:

کہ اس کے حقوق اور ذمہ داریاں کیاہیں، اسے ان قوائد وضوابط سے واقف کرکے۔
2۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں داخل کرایاجانے والا شخص ان قواعد وضوابط پر دستخط کرکے اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ وہ مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں قیام کے قواعد وضوابط سے واقف ہو گیاہے؛

2) کہ مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں نگرانی کا سامان ہے، جس میں دیکھنے اور ریکارڈ کرنے کا سامان شامل ہے - اگر یہ سامان نصب ہے۔

2۔ داخل شخص مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں زیادہ سے زیادہ 8 گھنٹے رہ سکتاہے۔

3۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں داخل شخص کواگے کی سرگرمیوں مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں نہیں رکھا جاتا ہے۔

4۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں داخل پولش زبان نہ بولنے والے شخص کو مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں اس کے قیام سے متعلق معاملات کے لیے مترجم کی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔

5۔ اگر مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں داخل شخص سے اس کے شعور کے خلل کی وجہ سے،مثال کے لئے نشے کے سبب،رابطہ مشکل ہو تو دفعہ 1 میں بیان کردہ سرگرمیاں شعور کا خلل ختم ہو جانے کے بعد انجام دی جانی چاہئیں۔

6۔ اگرزیر حراست شخص کواس کے شعور کے خلل کے سبب اس سے رابطہ مشکل ہونے کی وجہ سے مجموعہ ضابطہ فوجداری یادیگر قوانین کے تحت اس کے حقوق سے آگاہ نہیں کیاگیاہے، تو اسے ان حقوق سے شعور کے خلل ختم ہونے کے بعد آگاہ کیاجاتا۔زیر حراست شخص حراست میں لئے جانے کے ریکارڈ پر دستخط کرکے اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ وہ اپنے حقوق سے واقف ہو گیاہے۔

§ 2

1۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں رکھاجانے والا شخص اپنا پورا نام، والد کا نام، پیدائش کی جگہ اور تاریخ، مستقل پتایا قیام کی جگہ کا پتہ اور اپنی صحت کی حالت کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔

2۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں رکھے جانے والے شخص کی تلاشی لی جاتی ہے۔

§ 3

1۔ § 2 کے پیرے 2 میں بیان کردہ تلاشی کے دوران شخص پر ملی اور اس سے لی گئی چیزیں ان کی تفصیلات کے ساتھ امانت کے پرچے میں درج کی جاتی ہیں۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں داخل کرایا جانے والا شخص اور امانت کے پرچے میں چیزوں کو درج کرنے والا پولیس اہلکار دونوں امانت کے پرچے پر دستخط کرتے ہیں۔

2۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں رکھے جانے والے شخص کے امانت کے پرچے پر دستخط کرنے سے انکار یا دستخط کرنے کی نااہلی کا بیان امانت کے پرچے پر لکھنا چاہیے، اور اس سرگرمی پر موجود دوسرا پولیس کا اہلکار اپنی موجودگی کی تصدیق کے لیے امانت کے پرچے پر دستخط کرتا ہے۔

3۔ (منسوخ کر دیا گیا)

4۔ § 2 کے پیرے 2 میں بیان کردہ تلاشی کے دوران شخص سے لی گئی چیزیں مختصر مدت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں اس کے قیام کے دوران اسے واپس نہیں دی جاسکتی ہیں۔

§ 4 مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں رکھے ہوئے شخص کو مندرجہ ذیل کے بارے میں مطلع کیا جاتا ہے:

1) کہ ان قوائد وضوابط کی تعمیل کرنا لازمی ہے؛

2) کہ اس کی نگرانی کرنے والے پولیس اہلکار کی ہدایات پر عمل کرنا لازمی ہے؛

3) کہ معاشرے کے طور پر مل جل کر رہنے کے عام اصولوں کی تعمیل کرنی چاہئے؛

4) کہ اپنی حفظان صحت اور مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی کی صفائی کا خیال رکھنا چاہیے؛

5) کہ انسان کی جان یا صحت کو کسی بھی خطرے، ختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی کے سامان کے نقصان یا دیگر کسی قسم کے خطرناک واقعے کی اطلاع پولیس اہلکار کو فوری طور پر دینا لازمی ہے۔

§ 5 مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں رکھا گیا شخص اپنے کپڑے، انڈرویر اور جوتے استعمال کرتا ہے۔

§ 6 مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں رکھے ہوئے شخص کو مندرجہ ذیل امکانات فراہم کئے جاتے ہیں:

1) ڈاکٹر کی نگہداشت کا استعمال ممکن ہے؛

2) ذاتی حفظان صحت کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری سہولیات اور صفائی کی مصنوعات کا استعمال ممکن ہے؛

3) متعین جگہ پر سگریٹ نوشی ممکن ہے، وزیر داخلہ کا ماتحت احاطوں اور افراد کی نقل و حمل کے ذرائع میں تمباکو کی مصنوعات کے استعمال کے لیے تفصیلی شرائط کے بارے میں ضوابط کے مطابق، جب تک اس سے مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں رہنے والے افراد کی حفاظت کو یقینی بنانے کے مقصد سے پولیس کے اہلکاروں کے سرکاری فرائض کی انجام دہی میں مداخلت نہ ہو؛

4) ڈاکٹر کی طرف سے تجویز کردہ ادویات لینا ممکن ہے، جو صرف ڈاکٹر کی رضامندی سے اور اس کے ساتھ کیے گئے انتظامات کے مطابق فراہم کی جا سکتی ہیں؛ مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی میں رہنے والے شخص کو ادویات ڈاکٹر یا پولیس اہلکار فراہم کرتا ہے، ڈاکٹر کے ساتھ کیے گئے انتظامات کے مطابق؛

5) مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی کے ذمہ دار پولیس اہلکار کے ذریعے کوٹھڑی کے انچارج پولیس کے تنظیمی اکائی کے سربراہ کو شکایات اور درخواستیں دائر کرنے کا امکان ہے۔

6) پیاس بجھانے کے لئے مشروبات پانا ممکن ہے

§ 7

1۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کی کوٹھڑی سے رہا ہونے والے شخص کو اس کی امانت میں رکھی چیزیں واپس دی جاتی ہیں۔

2۔ اشیاء اور پیسے امانت سے واپس نہیں دی جاتی اگر انہیں ثبوت کے طور پر یا انتظامی عملدرآمد کے تحت ضبط کیا گیا۔

3۔ (منسوخ کر دیا گیا)